www.KitaboSunnat.com

جنوبی ویت نام

ہلاک:	ایک لاکھ تراسی ہزار پانچ سو اٹھائیس	۱۸۳۵۲۸
مرنے والے کمیونسٹ:	۹ لاکھ پچیس ہزار	۹۲۵۰۰۰
شہری ہلاک (رفیوجی کے حساب سے)	چار لاکھ پندرہ ہزار	۴۱۵۰۰۰
(سب کمیٹی کے حساب سے)	نو لاکھ پچیس ہزار مجروح	۹۲۵۰۰۰

شمالی ویت نام

ابھی اس کے نقصانات کا اندازہ نہیں کیا گیا۔ سائیگان کے امریکی کمان کا اندازہ یہ ہے کہ شمالی اور جنوبی ویت نام اور لاؤس کے ۳۶۹۵ طیارے اور ۴۸۳۰ ہیلی کاپٹر تباہ ہوئے۔ روس نے ۲ ارب ڈالر کا فوجی ساز و سامان دیا اور چین کا تقریباً ۳ ارب ڈالر خرچ ہوا۔" (نوائے وقت ۲۶ جنوری)

یہ بالکل محتاط اندازہ ہے بہرحال اتنی تباہ کاری کے باوجود یہ خونخوار درندے مسلمانوں کو کہتے ہیں کہ یہ خون خوار لوگ ہیں ——— ع شرم تم کو مگر نہیں آتی ———!

سیاسی حج یا سیاسی رشوت!

پیپلز پارٹی کے کارکن اور مرکزی وزیر اطلاعات و حج جناب کوثر نیازی نے ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا:

"پیپلز پارٹی اپنے دورِ حکومت میں تمام کارکن صحافیوں کو فریضۂ حج ادا کرنے کا موقع دے گی۔" (وفاق ۲۴ جنوری)

وزیر موصوف حج اوقاف جیسے دینی شعبوں سے وابستہ ہیں، چاہیے تو یہ تھا کہ اس سلسلہ کی خدمات محض ایک دینی فریضہ کے طور پر انجام دیتے، لیکن افسوس! محض جماعتی فریضہ، سیاسی تقاضا اور پارٹی مفاد کو سامنے رکھ کر یہ خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اس لیے بار بار یہ رٹ بھی لگاتے رہتے ہیں کہ "پہلی حکومتوں نے یہ کام نہیں کیا، پیپلز پارٹی نے کیا ہے" وغیرہ وغیرہ۔ ہمارا خیال ہے کہ یہ سیاسی حج شاید ہی ان کی جماعت کے لیے بابرکت ثابت ہوں۔

اب کارکن صحافیوں کو نوید سنائی ہے۔ ظاہر ہے کہ اس کے پس منظر میں جو "فکر" کام کر رہا ہے وہ بھی سراپا سیاسی ہے جس سے غرض صرف پارٹی کے کاروبارِ سیاست کے لیے ایک "تعویذ"

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ